**FY 3013**

Class No. : ................................

Name : ...................................

# FIRST YEAR HIGHER SECONDARY SECOND TERMINAL EXAMINATION, DECEMBER 2025

## Part – II

## URDU

**Maximum : 80 Scores**

Time : 2½ Hours

Cool-off Time : 15 Minutes

***General Instructions to Candidates :***

- *There is a 'Cool off time' of 15 minutes in addition to the writing time.*
- *You are neither allowed to write your answers nor to discuss anything with others during the 'Cool off time'.*
- *Use the 'Cool off time' to get familiar with questions and to plan your answers.*
- *Read questions carefully before answering.*

**Score**

1 سے '8' تک کے سوالوں میں سے کسی '7' کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھئے: **(7×1=7)**

1. ایک خطوط نگار ادیب کا نام لکھئے۔

2. عوامی شاعر کی حیثیت سے کون مشہور ہیں؟

3. اصنافِ سخن میں رُباعی کو خاص مقام حاصل ہے۔ رُباعی کا دوسرا نام کیا ہے؟

4. ایک قومی رہنما کا نام لکھئے جن سے آپ زیادہ متاثر ہوئے ہیں؟

Score

5. غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟

6. فلم مغلِ اعظم کا ہدایت کار کون ہے؟

7. افسانہ "ٹوبہ ٹیک سنگھ" کس نے لکھا؟

8. ع بزمِ شاہی میں غریبوں کا گزر کیا معنی ؛ یہاں بزمِ شاہی سے کیا مُراد ہے؟
(تاج محل ، شاہ جہاں ، چار مینار)

'9' سے '13' تک کے سوالوں میں سے کسی '4' کے جواب کم سے کم دو جملوں میں لکھئے: **(4×2=8)**

9. یرواده جیل میں گاندھی جی کے ساتھ اور کون کون تھے؟

10. پسندیدہ دو اُردو نظم گو شعراء کے نام لکھئے۔

11. افسانہ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں سے کسی دو کرداروں کے نام لکھئے۔

12. سب غزل پسند کرتے ہیں۔ دو غزل گلوکاروں کے نام لکھئے۔

13. ایک شعر لکھئے جو ہندوستانی فلموں میں استعمال کیا گیا ہو۔

'14' سے '19' تک کے سوالوں میں سے کسی '5' کے جواب کم سے کم چار جملوں میں لکھئے: **(5×4=20)**

14. رُباعی کی چار خصوصیات لکھئے۔

15. غالبؔ اُردو غزل کے بادشاہ مانے جاتے ہیں۔ آپ کے خیالات لکھئے۔

16. اُردو کلب کے تحت اسکول میں گاندھی جینتی کے جشن منانے کا فیصلہ ہوا ہے۔ اس کا اعلان کرتے ہوئے ایک نوٹیس تیار کیجئے۔

Score

17. شیطان بھی آدمی ہے جو کرتا ہے مکر و زور
اور ہادی و رہنما ہے سو ہے وہ بھی آدمی
آج کے حالات کے پیشِ نظر اس شعر کی وضاحت کیجئے۔

18. ذیل کی عبارت سے صفت چُن کر لکھئے۔ (کم از کم چار)

ہندوستان ایک خوبصورت ملک ہے۔ یہاں مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں۔ یہاں رنگ برنگ کے میلے ہیں۔ یہ ملک بڑی بڑی ندیوں سے نوازا گیا ہے۔ یہاں کے پہاڑ بہت دلکش ہیں۔

19. گاندھی جی کے خط کے جواب میں زہرہ نے کیا لکھا ہوگا؟ زہرہ کا جوابی خط تیار کیجئے۔

**یا**

فرض کیجئے کہ آپ کا دوست اسکول یوتھ فسٹیول کی غزل خوانی کے مقابلے میں اول نمبر پر آیا ہے۔ اس کو مبارک باد دیتے ہوئے ایک خط تیار کیجئے۔

**'20' سے '24' تک کے سوالوں میں سے کسی '4' کے جواب کم سے کم چھ جملوں میں لکھئے :** **(4×6=24)**

20. ذیل میں سے کسی ایک شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھئے۔

عشق مجھ کو نہیں وحشت ہی سہی
میری وحشت تری شہرت ہی سہی

**یا**

دل دھڑکنے کا سبب یاد آیا
وہ تیری یاد تھی اب یاد آیا

21. "ہندوستانی فلم اور اُردو" اس موضوع پر ہونے والے سمینار کے لئے چند نکات لکھئے۔

Score

22. ذیل میں سے کسی ایک شاعر پر مختصر نوٹ لکھئے۔

(نظیر اکبر آبادی، فراق گورکھپوری، ساحر لدھیانوی)

23. ذیل کی رُباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھئے۔

تو ہاتھ کو جب ہاتھ میں لے لیتی ہے
دکھ درد زمانے کے مٹا دیتی ہے
سنسار کے تپتے ہوئے ویرانے میں
سکھ شانت کی گویا تو ہری کھیتی ہے

24. افسانہ "ٹوبہ ٹیک سنگھ" میں سے پسندیدہ کسی ایک کردار پر نوٹ لکھئے۔

'25' سے '28' تک کے سوالوں میں سے کسی '3' کے جواب کم سے کم سات جملوں میں لکھئے : (3×7=21)

25. "بابائے قوم گاندھی جی اور ان کی خدمات" اس موضوع پر ہونے والے سمینار کے لئے چند نکات لکھئے۔

26. "غزل کی مقبولیت بڑھتی جارہی ہے"۔ غزل کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مختصر طور پر لکھئے۔

27. مولانا ابوالکلام آزاد کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مختصر طور پر لکھئے۔

28. ذیل میں سے کسی ایک کی آپ بیتی تیار کیجئے۔

(تاج محل ، پہاڑ ، سمندر)